عبارات اکابر کا
تحقیقی و تنقیدی جائزہ

مصنف

محقق اہلسنت حضرت علامہ مولانا

صاحبزادہ غلام نصیر الدین سیالوی

اہل السنۃ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

"عبارات اکابر" کا
تحقیقی وتنقیدی جائزہ

اول

مصنف

محقق اہلسنت حضرت علامہ مولانا

صاحبزادہ غلام نصیر الدین سیالوی

اہل السنۃ پبلی کیشنز دینہ ضلع جہلم

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	عبارات اکابر کا تحقیقی وتنقیدی جائزہ (حصہ اول)
مصنف	صاحبزادہ غلام نصیر الدین سیالوی
کمپوزنگ	محمد ناصر الہاشمی حفظہ اللہ تعالٰی
اشاعت باراول	مارچ 2005ء
اشاعت باردوم	فروری 2008ء
اشاعت بارسوم	دسمبر 2012ء
ضخامت	410 صفحات
قیمت	300 روپے

AYUB & SONS

Printer, Publisher &
Genral Order Suppliers
0300-4524795

ناشر:

مکتبہ اہل السنۃ پبلی کیشنز

گلی شاندار بیکرز منگلا روڈ، دینہ ضلع جہلم

+92 321 76 41 096

+92 544 630 177

ahlusunnapublication@gmail.com

Marfat.com

نہیں تھے۔ سرفراز صاحب نے اپنی کتاب "**عمدۃ الاثاث**" میں تصریح کی ہے کہ گھر والے دوسروں کی نسبت اپنے آدمی کے حالات بہتر جانتے ہیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ انہوں نے صرف محمود الحسن کا نام لکھا ہو اور طابع نے یہ سمجھ کر کہ چونکہ حضرت اس کے شاگرد ہیں ساتھ القاب کا اضافہ کر دیا ہو یا مطبع والا دیوبندی ہو اور اس نے اپنی خوش عقیدگی کو دخل دیا ہو۔ اذا جاء الاحتمال بطل الاستدلال نیز ہم نے جو ذکر کیا ہے کہ انہوں نے **حسام الحرمین** کی تصدیق فرمائی اس کی تصدیق حضرت پپلا نوی کے پوتے صاحبزادہ ریاض محمود صاحب دامت برکاتھم سے بھی کی جاسکتی ہے حضرت اپنے علاقے میں اہل سنت کے مایہ ناز عالم اور خطیب ہیں اور ہر وقت دیوبندیوں کی سرکوبی میں مصروف رہتے ہیں۔

نیز یہ گزارش ہے کہ حضرت علامہ غلام محمود صاحب رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی کتاب "**نجم الرحمن لرجم حزب الشیطان**" جو انہوں نے علم غیب کے بارے میں تصنیف فرمائی ہے اس کتاب کے نام سے ہی ظاہر ہے کہ انہوں نے علم غیب کے منکرین کو حزب الشیطان قرار دیا ہے آیئے اب دیکھئے فتاوی رشیدیہ جلد اول صفحہ **100** گنگوہی صاحب نے علم غیب کے مدعیوں کو کافر اور مشرک قرار دیا ہے اور محمود الحسن نے اس کی تصدیق فرمائی تو اس سے ثابت ہوا کہ وہ علم غیب کے قائل نہیں تھے اور علامہ پپلا نوالی منکرین علم غیب کو "**حزب الشیطان**" سمجھتے ہیں۔ "**نجم الرحمان**" میں آپ رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا کہ وہابی دو قسم کے ہیں مسلمان وہابی اور منافق وہابی اور دیوبندی منافق وہابی ہیں لہٰذا صفدر صاحب کو چاہیے کہ اس بارے آئندہ ان کا نام نہ لیں۔

قاضی عبدالنبی کوکب صاحب پر افتراء

سرفراز صاحب نے اس بارے میں آخری نام قاضی عبدالنبی کوکب صاحب کا لیا ہے

Marfat.com